الورقة الأولیٰ: العقائد والکلام

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی سے دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔ عقائد نسفیہ

سوال نمبر 1:۔ الخبر الصادق علی نوعین أحدهما الخبر المتواتر۔

(الف) ترجمہ کریں اور خبر کی دوسری نوع کا نام لکھیں۔ ۱۰=۵+۵

(ب) خبر صادق سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں۔ ۵

(ج) خبر متواتر سے کیا مراد ہے؟ نیز خبر متواتر اور افواہ میں کیا فرق ہے؟ ۵

(د) خبر متواتر سے کون سا علم ثابت ہوتا ہے؟ ۵

سوال نمبر 2:۔ (الف) عقل سے حاصل ہونے والے علم کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر قسم کا نام تعریف اور اس علم کا حکم واضح کریں۔ ۱۵

(ب) ''الہام'' سے کیا مراد ہے؟ کیا الہام عقل سے تعلق رکھتا ہے یا اس کا اپنا وجود ہے؟ نیز الہام سے حاصل شدہ علم کیا حیثیت رکھتا ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 3:۔ (الف) رزق سے کیا مراد ہے نیز بتائیں کیا حرام بھی رزق ہے یا رزق کا اطلاق صرف حلال پر ہوتا ہے؟ مدلل انداز میں توضیح کریں۔ ۱۵

(ب) حرام رزق، گمراہی و کفر وغیرہ کا مشیت الٰہی کی طرف منسوب کرنا کیسا ہے؟ اگر تمام کام اللہ کی مشیت سے ہوتے ہیں تو بندوں سے ان حرام کاموں کا حساب کس وجہ سے ہوگا؟ ۱۰

حصہ دوم۔۔۔ الحق المبین

سوال نمبر 4:۔ (الف) بدعت سے کیا مراد ہے؟ مفصل جواب تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) کیا کافر کو کافر کہہ سکتے ہیں یا احتیاطاً گریز کیا جائے؟ ہوسکتا ہے اس نے توبہ کر لی ہو۔ ۱۰

سوال نمبر 5:۔ (الف) قرآن پاک کی روشنی میں عظمت مصطفی ﷺ پر مدلل مضمون سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(ب) اہانت سے کیا مراد ہے اور توہین کیسے ثابت ہوگی؟ ۱۰

سوال نمبر 6:۔ (الف) علم مصطفی ﷺ پر الحق المبین کی روشنی میں مفصل مضمون تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) مسئلہ تکفیر میں اہل سنت کی فکر و فلسفہ کیا ہے؟ ۱۰

الورقۃ الثانیۃ: المیراث

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ (الف) علم الفرائض کی وجہ تسمیہ تحریر کرتے ہوئے بتایئے اس علم کا پڑھنا فرض ہے یا واجب یا سنت؟ ۱۰

(ب) میت کے ترکہ کے ساتھ کتنے اور کون کونسے حقوق کا تعلق ہے؟ ترتیب وار تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر2:۔ (الف) موانعِ ارث کتنے اور کون کونسے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(ب) عول کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ کن مخارج میں عول ہوتا ہے اور کن میں نہیں ہوتا؟ ۳+۷=۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) اصحابِ فرائض کی کل تعداد کتنی ہے؟ اس میں مرد کتنے اور خواتین کتنی ہیں؟ ۱۰

(ب) ایسے کتنے اصحابِ فرائض ہیں جن کو نصف ملتا ہے اور کب؟ ۱۰

سوال نمبر4:۔ (الف) فروضِ مقدرہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟ نیز تضعیف و تنصیف کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(ب) عصبہ بغیرہ وعصبہ مع غیرہ میں بنیادی فرق کیا ہے؟ حالانکہ دونوں ہی خواتین ہیں۔ ۱۰

سوال نمبر5:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چار مسائل حل کریں۔ ۱۰x۴=۴۰

(۱)	بیٹی	چچا	
(۲)	دادی	نانی	چچا
(۳)	شوہر	ماں	باپ
(۴)	بیوی	ماں	دادا
(۵)	شوہر	بیٹی	بھائی
(۶)	ماں	باپ	بیٹی	بیٹی

الورقۃ الثالثۃ: الفقہ

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ قال لایحل للرجل ان یتزوج بامراۃ ابنہ وبنی اولادہ لقولہ تعالیٰ وحلائل ابنائکم الذین من اصلابکم۔

(الف) حرکات وسکنات لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ب) "من اصلابکم" کو ذکر کرنے کی وجہ بیان کریں نیز بتائیں کہ رضاعی بیٹے کی زوجہ سے نکاح کا حکم کیا ہے؟ ۴+۴=۸

(ج) مسلمان مرد و عورت کے نکاح میں گواہ شرط ہیں یا نہیں؟ اگر شرط ہیں تو ان کے لیے کیا کیا شرائط ہیں؟ مفصل تحریر کریں۔ ۱۶

سوال نمبر2:۔ (الف) نکاح میں مہر کا ذکر نہ ہو تو ایسے نکاح کا حکم کیا ہے؟ نیز بہر صورت کون سا مہر لازم آئے گا؟ ۱۰

(ب) حق مہر کی کم از کم مقدار کتنی ہے؟ اختلاف ائمہ مع دلائل بیان کریں۔ ۱۵

(ج) دخول سے قبل طلاق ہو جائے یا زوجین میں سے کوئی فوت ہو جائے تو کتنا مہر لازم آئے گا؟ ۸

سوال نمبر3:۔ قال الطلاق علی ثلاثۃ أوجہ۔

(الف) طلاق کی تینوں اقسام کی توضیح بمع حکم فقہی سپرد قلم کریں۔ ۱۸

(ب) طلاق کی مذکورہ اقسام کے متعلق امام شافعی و مالک رحمہما اللہ کا مذہب ہدایہ کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر4:۔ (الف) غیر مدخول بھا زوجہ کی طلاق کے متعلق ہدایہ میں مذکورہ تمام صورتیں سپرد قلم کریں۔ ۲۵

(ب) تفویض الطلاق کی وضاحت بمع حکم بیان کریں۔ ۸

الورقة الرابعة: الحدیث-۱

نوٹ: ہر حصہ سے دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الأول۔۔۔مسند امام اعظم

سوال نمبر1: قال فأخبرني عن الإحسان ما هو قال الإحسان أن تعمل الله كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك قال فإذا فعلت ذلك فأنا محسن قال نعم قال صدقت قال فأخبرني عن الساعة متى هي قال ما المسؤل عنها بأعلم من السائل.

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور بتائیں کہ یہاں احسان سے کیا مراد ہے؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) خط کشیدہ عبارت کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مفہوم واضح ہو جائے۔ ۱۰

سوال نمبر2: عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال كل مولود يولد على الفطرة فابواه يهودانه وينصرانه قيل فمن مات صغيرا يا رسول الله قال الله اعلم بما كانوا عاملين.

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) بچپن میں فوت ہونے والے مشرکین کے بچے جنت میں جائیں گے یا دوزخ میں؟ اس بارے میں کوئی دو قول مع الدلیل لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر3: عن أم هانئ قالت قال رسول الله ﷺ يا عائشة ليكن شعارك العلم والقرآن.

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور اسکی تشریح وتوضیح قلمبند کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) ''علم کا طلب کرنا ہر مرد وعورت پر فرض ہے'' حدیث شریف کی روشنی میں اس کی وضاحت کریں۔ ۱۰

القسم الثانی....آثار السنن

سوال نمبر4: عن ابن عباس قال كان رسول الله ﷺ يصلي وهو بمكة نحو بيت المقدس والكعبة بين يديه.

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں نیز بتائیں مدینہ میں رسول اللہ ﷺ نے کتنے مہینے تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نمازیں پڑھیں؟ ۷+۸=۱۵

(ب) چلتی سواری پر فرض نماز ادا کرنا کیسا ہے؟ جبکہ استقبال قبلہ ممکن نہ ہو۔ ۱۰

سوال نمبر5: عن ابن عمر عن النبي ﷺ قال اذا استاذنكم نساؤكم بالليل الى المسجد فاذنوا لهن.

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) عورتوں کا مسجدوں میں نماز ادا کرنا کیسا ہے؟ دلائل کے ساتھ اپنا مؤقف سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6: عن عبادة بن الصامت قال كنا خلف رسول الله ﷺ في صلاة الفجر فقرأ رسول الله ﷺ فثقلت عليه القراءة فلما فرغ قال لعلكم تقرؤون خلف إمامكم قلنا نعم هذا يا رسول الله قال لا تفعلوا إلا بفاتحة الكتاب.

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں، نیز قرأت خلف الامام کے بارے احناف کا مسلک تحریر کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) مذکورہ مسئلہ میں احناف کی کوئی دو دلیلیں تحریر کریں۔ ۱۰

الورقة الخامسة: للمؤطئین

نوٹ: دونوں حصوں سے دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔مؤطا امام مالک

سوال نمبر1:۔ عن زید بن اسلم عن رجل من بنی ضمرۃ عن ابیہ انہ قال سئل رسول اللہ ﷺ عن العقیقۃ فقال: لا احب العقوق وکانہ انما کرہ الاسم وقال: ومن ولد لہ ولد فاحب ان ینسك عن ولدہ فلیفعل۔

(الف) اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) عقیقہ کے جانور، ان کی عمریں کم از کم اور ان کے گوشت کا حکم لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر2:۔ عن یحیی بن سعید انہ قال سمعت سعید بن المسیب یقول: لا رضاعۃ الا ما کان فی المھد والا ما انبت اللحم والدم۔

(الف) اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) کتنی مدت میں رضاعت ثابت ہوسکتی ہے؟ احناف کا نظریہ مع دلائل لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر3:۔ ان سعد بن عبادۃ قال لرسول اللہ ﷺ ارایت لو انی وجدت مع امراتی رجلا، امھلہ حتی اتی باربعۃ شھداء؟ فقال رسول اللہ ﷺ نعم

(الف) اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) حد کس کو کہتے ہیں؟ اور حدود کی تعداد و اسماء تحریر کریں۔ ۱۰

حصہ دوم۔۔۔مؤطا امام محمد

سوال نمبر5:۔ عن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان رجلا من اصحاب رسول اللہ ﷺ دخل المسجد یوم الجمعۃ وعمر بن الخطاب یخطب الناس فقال ایۃ ساعۃ ھذہ فقال الرجل انقلبت من السوق فسمعت النداء فما زدت علی ان توضأت ثم اقبلت قال عمر والوضوء ایضا وقد علمت ان رسول اللہ ﷺ کان یامر بالغسل۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) جمعہ کا غسل فرض ہے یا واجب؟ احناف کا موقف دلیل کے ساتھ بیان کریں ۵

سوال نمبر4:۔ عن انس بن مالك قال کنا نصلی العصر ثم یذھب الذاھب الی قباء فیاتیھم والشمس مرتفعۃ۔

(الف) اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) اوقات خمسہ للصلوۃ احناف کے نزدیک کیا ہے؟ تفصیلی لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر5:۔ سمع جابر بن عبداللہ یقول: من صلی رکعۃ لم یقرا فیھا بام القرآن فلم یصل الا وراء الامام

(الف) اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے یا نہ پڑھنے پر احناف اور شوافع کیا حکم لگاتے ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۰

الورقة السادسة: أصول الحدیث

نوٹ: تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1: (الف) ضرورت حدیث کو بیان کرنے کے بعد علم حدیث از روئے روایت کی تعریف سپرد قلم کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) کتب حدیث کی اقسام میں سے کوئی سی دو کی وضاحت کریں۔ ۱۴

سوال نمبر2: (الف) اربابِ حدیث کے کل کتنے اور کون کونسے مراتب ہیں؟ ان میں سے دو کی تعریف کریں۔ ۶+۷+۷=۲۰

(ب) متن اور سند میں احکام کا فرق تفصیلاً بیان کریں۔ ۱۳

سوال نمبر3: (الف) جب محدثین کسی سند کے بارے "لا یصح" کہیں تو اس سے مراد حدیث کا موضوع ہونا ہوتا ہے یا کچھ اور؟ تفصیلاً جواب دیں۔ ۱۵

(ب) درج ذیل میں سے صرف تین کی تعریفات بیان کریں۔ ۱۸

موقوف ، متصل ، مضطرب ، مشہور ، متواتر

سوال نمبر4: (الف) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی تین خصوصیات سپرد قلم کریں۔ ۸x ۳=۲۴

(ب) امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت لکھیں نیز آپ کے عشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کوئی ایک واقعہ تحریر کریں۔ ۳+۶=۹